فوری ریلیز کے لیے: 2023/22/5 **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے CUMMINS کے جیمز ٹاؤن انجن پلانٹ کو صنعت کا پہلا ایندھن-اگنوسٹیک انجن پلیٹ فارم بنانے کے لئے 452$ ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان کر دیا***

***Cummins نے آج اپنے 2.5 ملین ویں انجن کی پیداوار کا سنگ میل حاصل کر لیا جبکہ مزید پائیدار مستقبل کی منصوبہ بندی بھی جاری ہے***

***Cummins کے جیمز ٹاؤن انجن پلانٹ کی تصاویر یہاں دیکھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ پاور اینڈ ٹیکنالوجی کے عالمی لیڈر Cummins Inc. (NYSE:CMI) نے 998,000 مربع فٹ پر محیط جیمز ٹاؤن تنصیب میں 452$ ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے جہاں پیداوار کے لئے قدرتی گیس سمیت ایندھن کی کم کاربن خارج کرنے والی اقسام کی متفرق رینج سے استفادہ کیا جائے گا اور اس معاملے میں مزید پیشرفت کے لئے Cummins کی حکمت عملی گرین ہاؤس گیسوں کا اخراج گھٹانے اور ہوا کے معیار پر اپنی پراڈکٹس کے اثرات کو کم کرنے کے لئے سنہ 2050 تک Destination Zero تک پہنچنے والے اپنے مقصد کے ساتھ ہم آہنگ ہوگی۔ مزید برآں، Cummins نے یہ اعلان بھی کیا کہ اس نے کمپنی کے جیمز ٹاؤن انجن پلانٹ میں اپنا 2.5 ملین واں انجن تیار کر لیا ہے جبکہ Cummins نے اپنی پراڈکٹس اور ریاست نیویارک کے لئے زیادہ پائیدار مستقبل کی راہ ہموار کرنے کا عمل بھی جاری و ساری رکھا ہوا ہے۔ X15N جس کا سرکاری نمبر 2,500,001 ہے، وہ 15 لیٹر والا ایک قدرتی گیس انجن ہے جو جیمز ٹاؤن انجن پلانٹ میں تیار کیے جانے والے پہلے فیول-ایگناسٹک انٹرنل کمبسشن انجن پلیٹ فارم کا حصہ ہے۔ کمپنی نے اس سرمایہ کاری کے ذریعے 90 نئی جابز پیدا کرنے کا بھی عہد کیا ہے۔

"Cummins کا جیمز ٹاؤن انجن پلانٹ نہ صرف چوٹوکوا کاؤنٹی میں سب سے بڑا آجر ہے، بلکہ نیویارک اور اپنی قوم کو زیادہ پائیدار مستقبل کی جانب قدم بڑھانے میں مدد دینے کے لئے ٹیکنالوجی میں سب سے بڑھ کر سرمایہ کاری کرنے والا ایک عظیم پاور ہاؤس بھی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں ان جدت طراز، مینوفیکچرنگ کی قیادت کرنے والے کاروباری ادارے کو یہ سرمایہ کاری کرنے اور اپنے ملازمین اور ریاست نیویارک کے ساتھ وفاداری نبھانے والے ان کے عزم پر انہیں مبارکباد دیتی ہوں۔"

**Cummins Engine Business کے نائب صدر اور صدر Srikanth Padmanabhan نے کہا،** "ہمارے عملے کے افراد کام کرنے کے نئے طریقے تلاش کرنے کے لئے ایسی جدت طرازیاں کر رہے ہیں جو دنیاوی وسائل کا استعمال کم سے کم کرے، اور Engine Business اس شاندار جدت طرازی کے مرکز میں ہے۔ ہمارا فیول ایگناسٹک پلیٹ فارم یہاں جیمز ٹاؤن میں صنعت کی قیادت کرنے والی مشہور و معروف پراڈکٹس کو ڈیزائن اور مینوفیکچر کرنے کے اپنے دہائیوں پر محیط تجربے کو مزید وسعت دے رہا ہے۔ یہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے میں اپنے صارفین کی مدد کرنے والے ہمارے عزم کے لئے لازم و ملزوم ہے۔"

آج امریکہ میں سڑک پر تمام درمیانے اور بھاری ڈیوٹی والے ٹرکوں میں سے نصف سے زیادہ ٹرک Cummins کے انجن استعمال کر رہے ہیں، اور صنعت کے رہنما جیمز ٹاؤن انجن پلانٹ (JEP) کے جدید ترین انجنوں میں دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں؛ جبکہ Knight-Swift Transportation, Ryder اور United Parcel Service (UPS) وہ

اولین بیڑے ہیں جو پہلے X15N انجنوں کی آزمائش شروع کریں گے۔ مستقبل کی جدید ترین تکنیک کا حامل یہ انجن وہ پہلا قدرتی گیس انجن ہے جو خاص طور پر ہیوی ڈیوٹی ٹرک ایپلیکیشنز کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے اور جس کی آؤٹ پٹ 500 ہارس پاور تک ہے، اور یہ ہیوی ڈیوٹی ٹرانسپورٹیشن میں مصروف عمل بیڑوں اور ٹرکنگ انڈسٹری کی صفر اخراج کی آئندہ راہ کی جانب اٹھایا جانے والا ایک اہم قدم ہے۔

جیمس ٹاؤن میں واقع کارخانہ Cummins کی طویل المدتی Destination Zero حکمت عملی اور انجنوں کی اگلی نسل کے پورٹ فولیو کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، اور اس پلانٹ کی کمپنی کی سب سے بڑی مینوفیکچرنگ تنصیبات میں سے ایک والی حیثیت بھی قائم و دائم ہے۔ یہ کارخانہ 49 سال سے کام کر رہا ہے اور اس میں 1,500 سے زیادہ ملازمین ہیں، جبکہ یہ 1,949 فعال صارفین کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔ چوٹوکوا کاؤنٹی میں JEP کی حیثیت سب سے بڑے نجی آجر کے طور پر مسلمہ ہے۔

Cummins کا عزم مصمم ہے کہ ان کمیونٹیز کو ترقی دے جہاں یہ مصروف عمل ہے اور اپنے کارکنان اور پڑوسیوں کی زندگیوں پر براہ راست مثبت اثر ڈالنے کے لئے مسلسل جدوجہد کرتی رہے۔ اس سرمایہ کاری کا مقصد انجینئرنگ اور مینوفیکچرنگ کی ہزاروں موجودہ ملازمتوں کو برقرار رکھنا بھی ہے اور سیکڑوں نئی ملازمتوں کی تخلیق میں مدد کرنا بھی، کیونکہ Cummins جدت طرازی اور مینوفیکچرنگ کو فروغ دینے اور کاربن کے اخراج میں کمی لانے والی اپنی کوششوں کو تیز تر کرنے کے لئے اپنے لوگوں اور تنصیبات میں سرمایہ کاری کرتی ہے۔ ہماری کمپنی مارکیٹوں اور صارفین کی ضروریات کی ایک وسیع رینج کے لئے اعلی معیار کے حل فراہم کرکے اپنے گاہکوں اور اوریجنل ایکوئمینٹ مینوفیکچررز (OEM) کے اپنے شراکت داروں کے لئے ایک زیادہ خوشحال دنیا تخلیق کرنے کے لئے پُرعزم کوششوں میں مصروف ہے۔

ریاست نیویارک Cummins کی اس تازہ ترین سرمایہ کاری کے لئے Excelsior ٹیکس کریڈٹ میں 10$ ملین فراہم کرے گی۔ چوٹوکا کاؤنٹی انڈسٹریل ڈیولپمنٹ ایجنسی (CCIDA) نیویارک سیلز ٹیکس میں 3$ ملین چھوٹ فراہم کرے گی۔

**امپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ کے سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "گورنر Hochul نیو یارک ریاست کے قومی ماحولیاتی ایجنڈے کے لئے اپنے عزم پر ثابت قدم ہیں اور انہیں Cummins کی صورت میں ایک جدید گرین انرجی پارٹنر مل گیا ہے۔ اپنے جیمز ٹاؤن انجن پلانٹ کو مستقبل کے انجن پلیٹ فارم تیار کرنے کے لئے ری ٹول کرکے Cummins نہ صرف مضر اخراج کے عالمی معیارات کو پورا کرنا چاہتا ہے بلکہ مقامی کمیونٹی، معیشت اور ماحول کے لئے اپنے پختہ عزم مصمم کا بھی مظاہرہ کر رہا ہے۔"

**Cummins کے جیمز ٹاؤن انجن پلانٹ کی منیجر Anna Dibble نہ کہا،** "ہمارا پلانٹ ان پُر عزم کارکنان کے بغیر کامیاب نہیں ہو سکتا جو شب و روز ہماری کمپنی اور کمیونٹی کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔ہمیں کمیونٹی میں اپنی ایسی مضبوط موجودگی اور اپنے لوگوں کی کامیابی کے لئے ایک خوش آمدید کہنے والا، دیکھ بھال کرنے والا، اور سب کو شامل کرنے والا ماحول تخلیق کرنے کے قابل ہونے پر بجا طور پر فخر ہے۔"

JEP ملازمین کے رضاکارانہ گھنٹوں اور 1$ ملین کے سالانہ خیراتی عطیات کے ذریعے کمیونٹی اور خطے میں ایک معاون اقتصادی انجن کے طور پر بھی کام کرتا ہے۔ یہ جدت طرازی والا کام اور JEP اپنے صارفین کو جو بہترین مصنوعات فراہم کر رہا ہے، یہ اس لگن کا واضح ثبوت ہے جس سے Cummins دنیا کے زیادہ پائیدار مستقبل کی تعمیر اور دیرپا اثرات پیدا کرنے کے لئے عمل کر رہی ہے۔

**ریاستی سینیٹر George Borrello نے کہا،** "جدت طرازی اور انجن ٹیکنالوجی میں بطور رہنما کام کرنے کی Cummins کی ایک طویل تاریخ ہے۔ جیمس ٹاؤن پلانٹ میں یہ بڑی سرمایہ کاری یہ امر یقینی بنانے کی بنیادی کلید ہے کہ Cummins اس مسلسل بدلتی ہوئی عالمی مارکیٹ میں اپنا قائدانہ مقام قائم رکھے۔وہ ایک زبردست کمیونٹی پارٹنر اور معاونت کنندہ بھی ہیں۔ ہم چوٹوکوا کاؤنٹی اور خطے کے ساتھ ان کی مسلسل وابستگی کے لئے ان کے انتہائی شکر گزار ہیں۔ میں اس کوشش کے اعتراف اور اسکی حمایت کرنے پر گورنر Hochul کا بہت مشکور ہوں۔"

**رکن اسمبلی Andrew Goodell نے کہا،** "Cummins ایک ایسی جدت طراز کمپنی ہے جو چوٹوکوا کاؤنٹی میں اعلی معیار والی ملازمتیں پیدا کرنے میں شاندار کردار ادا کر رہی ہے۔ اس ہائی ٹیک کارخانے میں کام کرنے والے ملازمین کو بجا طور پر فخر ہونا چاہیے کہ وہ ہماری معیشت کو کاربن سے پاک کرنے میں مدد دے رہے ہیں - صاف توانائی کی جانب منتقلی کے عمل میں پیشرفت کرکے۔ میں ان اپ گریڈز میں شامل ہونے والے ہر شخص کو مبارکباد دیتا ہوں جن کی وجہ سے Cummins کے لئے عین مغربی نیویارک میں نیا فیول-ایگناسٹک انٹرنل کمبسشن انجن پلیٹ فارم بنانا ممکن بن جائے گا۔"

**چوٹوکا کاؤنٹی کے ایگزیکٹو PJ Wendel نے کہا،** "مجھے خوشی ہے کہ Cummins یہاں چوٹوکوا کاؤنٹی میں سرمایہ کاری اور توسیع کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے۔ تقریباً 50 سالوں سے، Cummins چوٹوکوا کاؤنٹی کے سب سے بڑے آجروں میں سے ایک رہا ہے اور انہوں نے ہماری مقامی برادری میں سرمایہ کاری کو ہمیشہ بہت سنجیدگی سے لیا ہے۔ تقریباً $500 ملین کی یہ سرمایہ کاری ہماری مقامی معیشت کو مزید 50 سالوں تک ترقی دیتی اور چلاتی رہے گی۔ یہ جیمز ٹاؤن انجن پلانٹ کے محنتی ملازمین کی لگن اور جانفشانی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔"

**سٹی آف جیمز ٹاؤن کے میئر Eddie Sundquist نے کہا،** "Cummins کا جیمز ٹاؤن پلانٹ ہمارے شہر اور خطے کے لئے ایک اہم معاشی مہمیز کی حیثیت رکھتا ہے، اور ہمیں خوشی ہے کہ Cummins سبز ٹیکنالوجی کے اس مسلسل ترقی کرتے ہوئے شعبے میں نئی مصنوعات اور ملازمتیں پیدا کرکے اپنے پلانٹ میں کافی بڑی اور نئی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔ جیمز ٹاؤن جیسے صنعتی مراکز میں اب ایسی نئی ترقی اور سرمایہ کاری ہوتی نظر آ رہی ہے رہے ہیں جو کئی دہائیوں میں سبز مینوفیکچرنگ سرمایہ کاری کے ذریعے نہیں دیکھی گئی تھی۔ مجھے گورنر کے دفتر، ایمپائر اسٹیٹ ڈیولپمنٹ، کاؤنٹی آف چوٹوکوا IDA اور Cummins کی جانب سے اپنے خطے میں سرمایہ کاری اور عزم کو بڑھاتے دیکھ کر انتہائی مسرت ہو رہی ہے۔"

**چوٹوکوا کاؤنٹی انڈسٹریل ڈیولپمنٹ ایجنسی کے سی ای او Mark Geise نے کہا،** "مجھے اس کردار پر فخر ہے جو CCIDA نے Cummins Engine کو چوٹوکوا کاؤنٹی میں اتنی بڑی سرمایہ کاری کرنے کا فیصلہ کرنے کے سلسلے میں معاونت کرنے کے لئے ادا کیا۔ Cummins Engine ہمارے خطے کے لئے ایک اہم معاشی معاون کی حیثیت رکھتا ہے، اور یہ سرمایہ کاری ظاہر کر رہی ہے کہ وہ ان کا احترام اندر بھی اتنا ہی ہے جتنا بیرونی دنیا میں۔ یہ JEP کی مینجمنٹ ٹیم، افرادی قوت، اور ان کے لئے کام کرنے والوں کے لئے ایک حقیقی خراج تحسین ہے۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418